14100 ـ زهراوان كون سی سورتیں هیں

سوال

وہ کون سی دوسورتیں ہیں جنہیں زہراوان کا لقب دیا گیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہ دونوں سورتیں البقرۃ اور آل عمران ہیں ۔

امام مسلم رحمہ اللہ تعالی نے اپنی صحیح میں اس کے متعلق حدیث نقل کی ہے : ابوامامۃ باہلی رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا :

(قرآن مجید پڑھا کرو کیونکہ قیامت کے دن قرآن کریم اپنے پڑھنے والوں کا سفارشی بن کرآئے گا ، زہراوان دوروشنی اور نور والی سورتیں سورۃ البقرۃ اور سورۃ آل عمران پڑھا کرو اس لیے کہ یہ دونوں قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں کے لیے دوبادل یا پرندوں کے غول بن کر اپنے پڑھنے والوں کی طرف سے حجت بن کر آئیں گی ، سورۃ البقرۃ پڑھا کرو اس لیے کہ اس کا پڑھنا برکت اور اسے نہ پڑھنا حسرت اوراسے جادوگر نہیں پڑھ سکتے) صحیح مسلم (صلاۃ المسافرین 1337) ۔

امام نووی رحمہ اللہ تعالی شرح مسلم میں لکھتے ہیں کہ :

کہتے ہیں کہ انہیں ان کے نور اور ھدایت اور اجرعظیم کی بنا پر زہراوین اس لیے کہا گیا ہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .